Roll No..........................

# MAUL-101

**Ghazal, Qaseeda Aur Rubai**

**(غزل،قصیدہ اور رباعی)**

Master of Arts (MA-12/16) URDU

First Year, Examination, 2017

**Time : 3 Hours** **Max. Marks : 70**

نوٹ:۔ یہ پرچہ تین حصّوں پر مشتمل ہیں۔ تمام حصّوں کے سوالات کے جوابات حسب ہدایت دیجئے۔

(حصّہ الف)

مندرجۂ ذیل سوالات میں سے صرف دو سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر سوال کے ۱۵ نمبر ہیں۔

۲×۱۵=۳۰

۱۔ درج ذیل شعری اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح کیجئے اور ضروری حوالے بھی دیجئے۔





مت غصے کے شعلے سوں جلتے کیوں جلاتی جا
ٹک مہر کے پانی سوں تو آگ بجھاتی جا

پتّا پتّا بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہے
جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہیں

دام ہر موج میں ہے حلقۂ صد کام نہنگ
دیکھیں کیا گزرے ہے قطرہ پہ گہر ہونے تک

لائی حیات آئے، قضا لے چلی چلے
اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے

آفاق کی منزل سے گیا کون سلامت
اسباب لُٹا راہ میں یاں ہر سفری کا

یا

روح سے میری کہیں پیار سے یوں عزرائیل
کہ مری جان مدینہ کو جو چلتی ہے تو چل

دم مُردن یہ اشارہ ہو شفاعت کا مری
فکر فردا کی نہ کر دیکھ لیا جائے گا کل

یادِ آئینۂ رُخسار سے حیرت ہو مجھے

گوشۂ قبر مجھے آئے نظر شیش محل

میزبان بن کے نکیرین کہیں گھر ہے ترا

نہ اُٹھانا کوئی تکلیف نہ ہونا لے کل

رخ انور کا ترے دھیان رہے بعد فنا

میرے ہمراہ چلے راہ عدم مین مشعل

۲۔ غزل یا قصیدہ کی تعریف، فنّی لوازم اور مختصر تاریخ قلمبند کیجیے۔

۳۔ غالبؔ کی غزل گوئی کی اہم خصوصیات تحریر کیجیے۔

۴۔ میر تقی میرؔ یا فراقؔ گورکھپوری میں سے کسی ایک کی غزل گوئی کے امتیازی اوصاف بتائیے۔

(حصّہ ب)

درج ذیل سوالات میں سے کسی چار سوالات کے جوابات مختصراً تحریر کیجیے۔ ہر سوال کے ۵ نمبر ہیں۔ ۶×۵=۳۰

۱۔ صنفِ رباعی پر ایک جامع نوٹ لکھیے۔





۲۔ امجدؔ حیدرآبادی یا مولانا حالیؔ کی رباعی گوئی پر ایک جامع نوٹ لکھیے۔

۳۔ محسن کاکوروی کے شامل نصاب قصیدہ کی تشبیب کی خصوصیت بتائیے۔

۴۔ سوداؔ کے شامل نصاب قصیدہ ''تضحیک روزگار'' پر ایک نوٹ لکھیے۔

۵۔ فانیؔ بدایونی یا مجروح سلطان پوری میں سے کسی ایک کی غزل کے چند امتیازی اوصاف بتائیے۔

۶۔ ''آتشؔ ایک لکھنوی شاعر تھے لیکن ان کے کلام میں دہلویت جھلکتی ہے'' اس قول کی تائید یا تردید کیجیے۔

۷۔ داغؔ دہلوی کی زبان اور ان کے اسلوب بیان پر مختصر مگر جامع نوٹ لکھیے۔

۸۔ سلطان محمد قلی قطب شاہ معانیؔ یا ولیؔ دکنی میں سے کسی ایک کی غزل گوئی کی خصوصیات تحریر کیجیے۔

## (حصّہ ج)

درج ذیل سبھی دس معروضی سوالات کے صحیح جوابات لکھیے۔ ہر سوال ۱ نمبر کا ہے۔ ۱×۱۰=۱۰

۱۔ میرتقی میرؔ کی وفات کہاں ہوئی؟

(الف) حیدرآباد

(ب) آگرہ

(ج) دہلی

(د) لکھنؤ

۲۔ غالبؔ کس مغل بادشاہ کے عہد میں تھے؟

(الف) شاہ عالم ثانی

(ب) اورنگ زیب

(ج) بہادر شاہ ظفرؔ

(د) جہانگیر





۳۔ ''آسمانِ قصیدہ کا آفتاب'' اور ''قاآنیِ ہند'' کس قصیدہ گو کو کہا گیا ہے؟

(الف) غالبؔ

(ب) مومنؔ

(ج) سوداؔ

(د) ذوقؔ

۴۔ جوشؔ ملیح آبادی کی زیادہ تر عبارت کس نوعیت کی ہیں؟

(الف) اخلاقی

(ب) مذہبی

(ج) عشقیہ

(د) تاریخی

۵۔ ''غزل جتنی بدنام ہے اتنی ہی مجھے عزیز ہے'' یہ کس کا قول ہے؟

(الف) آل احمد سرورؔ

(ب) فراقؔ گورکھپوری

(ج) رشید احمد صدیقی

(د) وزیر آغا

۶۔ محسنؔ کاکوروی کے قصیدہ ''سمت کاشی سے چلا جانب متھرا بادل'' کا عنوان کیا ہے؟

(الف) مدیح خیر المرسلین

(ب) مدحتِ رسول

(ج) مدح خیر الوریٰ

(د) نعت

۷۔ فراقؔ گورکھپوری کا پورا نام کیا ہے؟

(الف) جتیندر سہائے

(ب) گنپت سہائے

(ج) رگھوپتی سہائے

(د) بمل سہائے

۸۔ مقامی حوالوں اور ہندوستانی الفاظ کا زیادہ استعمال کس نے کیا ہے؟

(الف) مجروحؔ

(ب) آتشؔ

(ج) غالبؔ

(د) ولیؔ





۹۔ شامل نصاب قصیدہ ''ساون میں دیا پھر مہِ شوال دکھائی'' کس کا ہے؟

(الف) سوداؔ

(ب) انشاؔء

(ج) غالبؔ

(د) ذوق

۱۰۔ میر ببر علی انیسؔ نے مرثیہ کے علاوہ کس صف میں امتیاز پیدا کیا؟

(الف) غزل

(ب) مثنوی

(ج) قصیدہ

(د) رباعیؔ